اہل دین پر جاری مصائب میں رجوع الی اللہ کی اشد ضرورت

حالیہ دنوں میں پاکستان کے دینی مدارس، دینی جماعتیں، علماء اور دینی کارکن بدیسی آقاؤں کے حکم پر سدیشی حکمرانوں کے شدید مظالم کا شکار ہیں۔ مدارس پر پولیس چھاپے، معصوم طالبات کے تقدس کی پامالی، علماء، خطباء اور طلباء پر جھوٹے مقدمات اور ناجائز گرفتاریاں، مساجد کی حرمت وعظمت کی پامالی اور قرآن وحدیث کی تعلیم پر قدغنیں ہمیں غفلت چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونے کی اشد ضرورت کا احساس دلا رہی ہیں۔ وحشت ودہشت اور ظلم وسفا کی کے اس ماحول میں صرف اللہ رحمٰن ورحیم کی واحد ہستی ہے جس کی بارگاہ میں مظلوموں کی آہ بغیر کسی رکاوٹ کے سنی اور قبول کی جاتی ہے۔

دینی مدارس کے محترم اساتذہ کرام کی خدمت میں عاجزانہ درخواست ہے کہ مصیبت کے حالات میں نبی کریم ﷺ کے تعلیم کردہ معمولات کو دوام کے ساتھ اختیار کریں۔

(۱) طلباء کی ایک مستقل جماعت کو بلا ناغہ آیتِ کریمہ اور قنوتِ نازلہ پڑھنے پر مامور فرمائیں۔ اسی طرح سورۃ یٰسین کی تلاوت کا معمول بھی جاری فرمائیں۔

(۲) عمومی طور پر تمام مسلمان ہر نماز کے بعد سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی، سورۃ فلق اور سورۃ والناس کی تلاوت کو معمول بنائیں

(۳) اسی مقصد کے لیے مسنون دعا:

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِ ھِمْ

ہر نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ اعداءالاسلام والمسلمین کی ہلاکت و بربادی کا تصور کر کے پڑھیں۔

(۴) اپنی غفلت وکوتاہی کی معافی کے لیے استغفار کی ایک تسبیح صبح شام کا معمول بنائیں۔

اللہ تعالیٰ ہمارے گناہوں کو معاف فرمائے۔

ظالموں اور فاسقوں، فاجروں کے تسلط سے نجات عطاء فرمائے۔

موجودہ مصائب اور آفات وبلیات سے محفوظ فرمائے۔ عراق وافغانستان، کشمیر وفلسطین اور دنیا بھر کے مظلوم مسلمانوں کی مدد فرمائے اور وطن عزیز پاکستان کی حفاظت فرمائے۔

امتِ مسلمہ پر رحم فرمائے اور دین اسلام کو طاغوت پر غلبہ عطاء فرمائے۔ (آمین)

خادم اسلام سید عطاء المہیمن بخاری

(امیر مجلس احرار اسلام پاکستان)